**Shabbir / Fazil**

**06-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خاں

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ امریکہ اور یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کے تجارتی سمجھوتوں سے عالمی استحکام کی سمت اعتماد پیدا ہوا ہے۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ کئی ملکوں کے ساتھ مستقبل کے لئے مفید معاہدوں کا مقصد ملک کے نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہے۔

2- وزیراعظم آج صبح پریکشا پہ چرچا کے نویں پروگرام میں ملک بھر کے طلبا کے ساتھ گفتگو کرنے والے ہیں۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں میں سرحدی چوکیوں کا دورہ کریں گے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سِکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

4- ریزرو بینک آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کے جائزے کا اعلان کرے گا۔

5- امریکہ اور ایران آج Oman میں ایٹمی معاملے پر براہِ راست بات چیت کریں گے۔

6- کرکٹ میں: رائل چیلنجرس بینگلورو نے وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلز کو چھ وکٹ سے ہراکر اپنا دوسرا خواتین پریمیئر لیگ ٹائٹل جیتا ہے۔

7- اور آج ہرارے میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایک روزہ میچوں کے کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM RS Motion of Thanks

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یوروپی یونین اور امریکہ کے ساتھ بھارت کے تجارتی سمجھوتوں سے دنیا میں اعتماد پیدا ہوا ہے، جو عالمی استحکام کی سمت بڑھ رہی ہے۔ جناب مودی راجیہ سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت بڑے ملکوں کے ساتھ مستقبل کیلئے مفید تجارتی سمجھوتے کر رہا ہے، جنھیں عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے اور ملک کے نوجوانوں کیلئے مواقع بھی بڑھ رہے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ حال ہی میں 9 اہم تجارتی سمجھوتے کیے گئے ہیں۔ اِن میں 27 ملکوں پر مشتمل یوروپی یونین کے ساتھ اب تک کا سب سے بڑا سمجھوتہ بھی شامل ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا کہ اِن تجارتی معاہدوں سے ملک کے نوجوانوں کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا۔

0815 Modi on Trade Deal

وزیرِاعظم نے کہا کہ کووڈ کے بعد کے دور میں عالمی عدم استحکام بڑھنے کے تناظر میں ایک نیا عالمی نظام ابھر رہا ہے اور غیر جانبدارانہ تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اِس کا واضح رُخ بھارت کی طرف ہے۔

0815 Modi World Order

جناب مودی نے کہا کہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب کے دوران وکست بھارت کی سمت، ملک کے سفر میں گزشتہ سال کے دوران تیزی کے ساتھ ہونے والی پیشرفت کو اجاگر کیا۔ صدرِ جمہوریہ نے بجٹ اجلاس کے آغاز پر پچھلے مہینے کی 28 تاریخ کو مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا تھا۔ اِدھر اپوزیشن کے ارکان نے وزیرِاعظم کی تقریر کے دوران واک آؤٹ کیا۔
وزیرِاعظم کی تقریر کے بعد راجیہ سبھا نے صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک زبانی ووٹ سے منظور کرلی۔ اُدھر لوک سبھا نے بھی اِس سے قبل شکریے کی تحریک کو منظور کرلیا تھا۔ x

Parliament Agenda Today

لوک سبھا میں آج مرکزی بجٹ 27-2026 پر بحث ہونا ہے۔ مرکزی وزیرِخزانہ نرملا سیتا رمن نے اِس مہینے کی پہلی تاریخ کو پارلیمنٹ میں مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ اِدھر راجیہ سبھا میں آج پرائیویٹ ممبر بلوں پر بحث ہوگی۔x

PM Pariksha Pe Charcha

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج صبح 'پریکشا پے چرچا' کے 9 ویں پروگرام میں ملک بھر کے طلبا کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اِس سالانہ تقریب کو مختلف پلیٹ فارم پر صبح 10 بجے سے نشر کیا جائے گا۔ 2026 کے اِس پروگرام میں امتحانات کے دوران طلبا کو تناؤ محسوس نہ ہو، اِس میں مدد کرنے اور یاد کرنے کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Pallavi

'پریکشا پے چرچا' ایک ملک گیر عوامی تحریک بن گیا ہے، جس میں MyGov پورٹل کے ذریعے اندراج کر کے ساڑھے 4 کروڑ سے زیادہ طلبا، اساتذہ اور والدین شرکت کریں گے۔ اِس کے علاوہ اس پروگرام میں، تمل ناڈو

کے کوئمبٹور، چھتیس گڑھ کے رائے پور، گجرات کے دیوموگرا اور آسام کے گوہاٹی کا احاطہ کیا جائے گا۔ اس پروگرام کو وزیر اعظم نریندر مودی کے یو ٹیوب چینل، دوردرشن اور وزارتِ تعلیم کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام WAVES OTT, Amazon Prime Video, Jio, ZEE5, Sony LIV اور Spotify پر براہِ راست دستیاب ہوگا۔ 'پریکشا پے چرچا' پہل کا نظریہ وزیر اعظم نے پیش کیا تھا اور یہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 سے ہم آہنگ ہے۔

اس کا مقصد طلبا میں اعتماد، مثبت سوچ اور اُن کی مجموعی صحت کو فروغ دیتے ہوئے امتحانات کے تجربے کو ایک نئی شکل دینا اور امتحانات کے وقت کو ایک جشن کے طور پر منانا ہے۔

دلّی سے پلّوی پارمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Shah J&K Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں میں سِکیورٹی صورتحال کے بارے میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کریں گے اور سرحدی سِکیورٹی کا جائزہ لیں گے۔ جناب امت شاہ جموں و کشمیر کے دو دن کے دورے پر کل رات جموں پہنچے ہیں۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں ہوائی اڈے پر وزیر داخلہ کا استقبال کیا۔

اپنے اِس دورے میں جناب امت شاہ سِکیورٹی ایجنسیوں اور انتظامی عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور امن و قانون کی مجموعی صورتحال نیز موجودہ ترقیاتی اقدامات کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔

وزیر داخلہ آج کٹھوعہ ضلعے میں ہیرانگر میں بین الاقوامی سرحد کا دورہ کریں گے اور وہاں نصب کیے گئے نئے آلات اور سازوسامان کا معائنہ کریں گے، جو سرحدی حفاظتی فورس BSF نے سرحد پار سے دراندازی کی روک تھام کیلئے وہاں لگائے ہیں۔x

Rev.Shah FNTA

مرکز، ناگالینڈ حکومت اور ایسٹرن ناگالینڈ پیوپلز آرگانائزیشن ENPO نے فرنٹیئر ناگالینڈ علاقائی اتھارٹی کے قیام کی خاطر ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ ENPO ایک اہم ادارہ ہے، جو ناگالینڈ کے 6 مشرقی اضلاع کے 8 تسلیم شدہ ناگا قبائل کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس معاہدے سے ناگالینڈ کے 6 اضلاع کیلئے فرنٹیئر ناگالینڈ علاقائی اتھارٹی کے قیام کی راہ ہموار ہو جائے گی۔ کل نئی دلّی میں وزیر داخلہ امت شاہ کی موجودگی میں اس معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ ناگالینڈ کے وزیر اعلیٰ Nephiu Rio بھی اس موقعے پر موجود تھے۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے شورش پسندی، تشدد اور تنازعات سے مبرا ایک ترقی یافتہ شمال مشرق کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کو اُجاگر کیا۔

S/B - Amit Shah - Nagaland

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Kerala Voter SIR

کیرالہ کی راجدھانی تروانتھا پورم میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی جامع نظرِ ثانی کے تحت سماعت کا عمل سو فیصد مکمل ہونے کے قریب ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ عوام کی سرگرم شمولیت کے ساتھ یہ عمل خوش اسلوبی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Smithy M Palluruthy

ریاست کے ترو انتھا پورم ضلع میں SIR عمل کے تحت اب صرف دو ہزار 512 افراد کے معاملات کی سماعت ہونا باقی ہے۔ کیرالہ کے اعلیٰ انتخابی افسر کے مطابق سماعت کیلئے مجموعی طور پر چار لاکھ 77 ہزار 546 افراد کو نوٹس دیے گئے تھے اور ان میں سے چار لاکھ 75 ہزار 34 افراد کی سماعت مکمل ہو چکی ہے۔

اِدھر ارنا کُلم، کاسَر گوڈ اور Palakkad ضلع میں بھی رائے دہندگان کی سماعت کے تعلق سے اچھی پیشرفت ہو رہی ہے۔ ریاست میں جمعرات تک سات آسمبلی حلقوں میں 100 فیصد سماعت مکمل ہو چکی تھی۔ SIR عمل کے تحت کیرالہ میں ووٹر فہرستوں سے اب تک 21 ہزار 130 نام ہٹائے گئے ہیں۔

ترو انتھا پورم سے Smithy Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ...

میگھالیہ کے مشرقی Jaintia Hills ضلع میں کل ایک کوئلہ کان میں دھماکہ ہونے سے 18 افراد کی موت ہوگئی جبکہ کئی دیگر مزدور اب بھی کان کے اندر پھنسے ہوئے ہیں۔ بچاؤ اور تلاش کی کارروائی جاری ہے۔ ابتدائی اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ کانکنی کی سرگرمیوں کیلئے استعمال ہونے والے بہت زیادہ طاقت کے Dynamite کے دھماکے کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں کی جان ضائع ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے دو۔دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے جبکہ زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے۔x

RBI Policy

ریزرو بینک آف انڈیا آج اپنی دوماہی مالی پالیسی فیصلے کا اعلان کرے گا۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترہ

کی سربراہی میں مرکزی بینک کی چھ ارکان پر مشتمل مالی پالیسی کمیٹی کی میٹنگ بدھ کے روز شروع ہوئی تھی تاکہ بھارتی معیشت، افراطِ زر اور دیگر اقتصادی پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کیا جا سکے۔ یہ مالی سال 2025-26 کا آخری پالیسی جائزہ ہوگا۔

ریزرو بینک گزشتہ فروری کے بعد سے Repo Rate میں پہلے ہی سوا فیصد کی کٹوتی کر چکا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی ایک ریسرچ رپورٹ میں کہا ہے کہ امید ہے کہ مرکزی بینک اپنی پالیسی میں شرحوں کو جوں کا توں برقرار رکھے گا۔

ایشیائی ملکوں میں بھارت اُن ممالک میں شامل ہے جہاں محصول کی شرحیں سب سے کم ہیں، جس سے امید ہے کہ ملک کی برآمداتی مسابقت کو فروغ حاصل ہوگا۔ x

US Iran Nuke Talks

امریکہ اور ایران آج Oman کی راجدھانی مسقط میں ایٹمی معاملے پر براہِ راست مذاکرات کریں گے۔ علاقائی کشیدگی میں اضافے کے تناظر میں اِسے اہم سفارتی رابطہ مانا جا رہا ہے۔ یہ بات چیت مذاکرات کے مقام، اِس کی نوعیت اور ایجنڈے کے معاملے پر کئی دن سے جاری غیر یقینی کی کیفیت کے بعد ہو رہی ہے۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر میٹنگ کا اعلان کرتے ہوئے اِس میں تعاون کیلئے Oman کے حکام کے تئیں تشکر کا اظہارکیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگارسے :

V/C Vinod Kumar

اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حالیہ تبصروں میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ اِی کو یہ کہتے ہوئے سخت وارننگ دی ہے کہ انھیں بہت فکرمند ہوجانا چاہیے۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے، آج جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے اتراکھنڈ، اترپردیش، مدھیہ پردیش اور بہار میں گھنے کہرے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آئندہ دو روز میں ملک کے مشرقی حصے میں، کم از کم درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسئس کی کمی آئے گی۔x

WPL Cricket

کل رات وڈودرا کے BCA اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپیٹلز کو 6 وکٹ سے ہرا کر رائل چیلنجرس بنگلور نے دوسری مرتبہ خواتین پریمیر لیگ کرکٹ کا خطاب جیت لیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے ڈیلی کیپیٹلز نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ کی نقصان پر 230 رن بنائے تھے۔ اس کے جواب میں RCB نے 19 اوور اور 4 گیندوں میں 4 وکٹ کے نقصان پر جیت کا نشانہ حاصل کر لیا۔×

U 19 Cricket Final

بھارت اور انگلینڈ کے درمیان آج دوپہر زمبابوے کے ہرارے میں انڈر19 او ڈی آئی کرکٹ عالمی کپ کا خطابی مقابلہ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارت وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے سے شروع ہوگا۔ ہرارے میں دوسرے سیمی فائنل میں افغانستان کو 7 وکٹ سے ہرا کر بھارت فائنل میں پہنچا ہے۔ وہیں انگلینڈ نے Bulawayo میں پہلے سیمی فائنل میں دفاعی چیمپئن آسٹریلیا کو 27 رن سے ہرا کر فائنل میں جگہ پکّی کی تھی۔×

PM Malaysia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی ملیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کی دعوت پر 7 اور 8 فروری کو کوالالمپور کے دورے پر رہیں گے۔ اُن کے دورے کے سلسلے میں تفصیل بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں مشرقی امور کے سکریٹری پی کمارن نے کہا کہ یہ وزیر اعظم کا ملیشیاء کا تیسرا دورہ ہوگا۔×

Seychelles Prez Visit

سیشلز کے صدر Patrick Herminie آج چنئی میں تمل ناڈو کے گورنر آر این روی سے ملاقات کریں گے۔ صدر Herminie بھارت کے اپنے پہلے سرکاری دورے پر کل چنئی پہنچے تھے۔ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کی گولڈن جوبلی تقریبات کے موقعے پر ہو رہا ہے۔ 5 دن کے اپنے دورے کے تحت سیشلز کے صدر ممبئی میں مہاراشٹر کے گورنر اچاریہ دیو ورَت سے بھی ملاقات کریں گے۔ بعد میں وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ساتھ بات چیت اور وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی علاقائی اور عالمی دلچسپی کے بین الاقوامی معاملات پر تبادلۂ خیال کیلئے دلّی جائیں گے۔×

Russia Ukraine Talks

روس اور یوکرین کے درمیان امریکہ کی ثالثی والی دوسرے دور کی بات چیت کل ابوظہبی میں مکمل ہو گئی۔ طرفین نے بڑے پیمانے پر قیدیوں کے تبادلے پر اتفاق کیا، لیکن علاقائی بندوبست اور جنگ بندی جیسے بنیادی معاملات پر کسی ٹھوس نتیجے پر پہنچنے میں وہ ناکام رہے۔ امریکی صدر کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff نے کہا ہے کہ تینوں ممالک کے نمائندوں میں، قیدیوں کے تبادلے کے معاملے میں اتفاقِ رائے ہو گیا ہے اور انہوں نے بات چیت کو خصوصی اور تعمیری قرار دیا۔ تاہم انہوں نے کہا کہ اس تنازعے کے مجموعی حل کی خاطر مزید کوششیں درکار ہیں۔×

Badminton

بیڈمنٹن میں ایشیائی ٹیم چیمپئن میں آج Qingdao میں کوارٹر فائنل میں، بھارتی خواتین کی دفاعی چیمپئن ٹیم میزبان چین کے ساتھ کھیلے گی، جبکہ مردوں کی ٹیم کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خاں

شکریہ – ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کی شروعات میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی تقریر کو صفحہ اوّل کی شہ سرخی بنایا ہے۔ راجیہ سبھا میں اپنے خطاب کے دوران جناب مودی نے کئی موضوعات کا احاطہ کیا۔ اس دوران پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے شکریے کی تحریک کو منظوری دے دی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے امدادِ باہمی پر مبنی ملک کی پہلی ٹیکسی خدمات، بھارت ٹیکسی کے آغاز کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ وزیر داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کل جمعرات کو بھارت ٹیکسی کا افتتاح کیا۔

روزنامہ پرتاپ نے آج سے نئی دلّی میں شروع ہو رہی عالمی اردو کانفرنس کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ 6 سے 8 فروری تک چلنے والی عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد نئی دلّی کے تین مورتی مارگ پر واقع پردھان منتری سنگرہالیہ میں ہو رہا ہے۔

''کثیر لسانی ہندوستان میں اردو زبان و تہذیب'' کے عنوان سے منعقد ہو رہی اس سہ روزہ عالمی اردو کانفرنس کا انعقاد وزارتِ تعلیم کی قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان کی جانب سے کیا جا رہا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ امریکہ اور یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کے تجارتی سمجھوتوں سے عالمی استحکام کی سمت اعتماد پیدا ہوا ہے۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ کئی ملکوں کے ساتھ مستقبل کے لئے مفید معاہدوں کا مقصد ملک کے نوجوانوں کو بااختیار بنانا ہے۔

2- وزیراعظم آج صبح پریکشا پہ چرچا کے نویں پروگرام میں ملک بھر کے طلبا کے ساتھ گفتگو کرنے والے ہیں۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ آج جموں میں سرحدی چوکیوں کا دورہ کریں گے اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سِکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔

4- ریزرو بینک آج اپنی دو ماہی مالی پالیسی کے جائزے کا اعلان کرے گا۔

5- امریکہ اور ایران آج Oman میں ایٹمی معاملے پر براہِ راست بات چیت کریں گے۔

6- کرکٹ میں: رائل چیلنجرس بینگلورو نے وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلز کو چھ وکٹ سے ہراکر اپنا دوسرا خواتین پریمیئر لیگ ٹائٹل جیتا ہے۔

7- اور آج ہرارے میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایک روزہ میچوں کے کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

\---------------------------------------